کہ اتارا ہے آنکو روح الامین نے اور خدا تعالی کا یہ قول کہ جس دن کھڑے ہونگے روح اور

الْمَلٰئِكَةُ صَفًّا لَا يَتَكَلَّمُونَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا

فرشتے قطار ہو کر کوئی نہیں کلام کریگا مگر جسکو اذن دے خدا مہربان اور کہے بات ٹھیک

فَقِيلَ مَعْنَاهُ جِبْرَئِيلُ وَقِيلَ مَلَكٌ عَظِيمٌ وَحْدَهُ صَفًّا وَاَمَّا

سو کہا گیا کہ یہاں روح سے مراد جبرئیل ہیں اور کہا گیا مراد اس جگہ بڑا فرشتہ ہے کہ تنہا کھڑا ہوگا مانند قطار

قَوْلُهُ تَعَالٰى فَاِذَا سَوَّيْتُهُ وَنَفَخْتُ فِيهِ مِنْ رُوحِي فَهٰذِهِ اِضَافَةُ

اور لیکن خدا تعالی کا یہ قول کہ جب میں برابر کروں آدم کو اور پھونکوں اسمیں اپنی روح سو یہ اضافت بسبب پیدا کرنے کے

خَلْقٍ وَقِيلَ اِضَافَةُ تَكْرِيمٍ كَمَا يُقَالُ نَاقَةُ اللّٰهِ وَبَيْتُ اللّٰهِ

اور کہا گیا کہ یہ اضافت تعظیم کی ہے جیسے کہا جاتا ہے خدا کی اونٹنی اور خدا کا گھر اور

اما قوله تعالى فنفخنا فيه من روحنا فاضافة تكريم على ما

لیکن خدا سے تعالی کا یہ قول کہ پس ہمنے پھونکی گریبان میں مریم کے اپنی روح تو یہ اضافت بھی تعظیم کی ہے جیسا کہ

قدمناه وقيل معناه فنفخنا فيه من روح جبرئيل عليه السلام

ہمنے پہلے بیان کیا اور کہا گیا کہ اسکے معنی یہ ہیں کہ ہمنے پھونکا اسکے گریبان میں روح یعنی جبرئیل علیہ السلام کیواسطے سے

وعلى هذا قيل في عيسى روح الله كقوله تعالى وايدهم بروح

اور اسیواسطے کہا گیا عیسی علیہ السلام کو روح اللہ جیسا کہ فرمایا خدا سے تعالی نے اور انکی مدد کی خدا نے روح سے اپنے یعنی

منه

عیسی علیہ السلام سے

باب ۱۹ في ذكر الصور والبعث والحشر

باب ۱۹ صور اور بعث اور حشر کے بیان میں

اعلم ان اسرافيل

معلوم کرو کہ اسرافیل

صاحب القرن وخلق الله تعالى اللوح المحفوظ من درة

صاحب صور ہے اور پیدا کیا خدا سے تعالی نے لوح محفوظ کو سفید موتی سے

بيضاء طولها ما بين السماء والارض سبع مرات معلقة

اسکی درازی آسمان اور زمین کے درمیان کی درازی سے سات گونہ ہے لٹکی ہے

بالعرش ومكتوب فيها ما هو كائن الى يوم القيمة ولاسرافيل

عرش میں اور اسمیں لکھا ہے جو ہوگا روز قیامت تک اور اسرافیل علیہ السلام کی

اربعة اجنحة جناح بالمشرق وجناح بالمغرب وجناح

چار بازو ہیں ایک بازو مشرق میں ہے اور ایک بازو مغرب میں ہے اور ایک بازو پر

يستقر عليه وجناح يغطي به راسه ووجهه من خشية الله

وہ قائم ہے اور ایک بازو سے چھپاتا ہے اپنا سر اور چہرہ خدا سے تعالی کے ڈر سے

تعالى حياء ناكسا راسه تحت العرش اخذا قوائم العرش

شرم سے خدا کے سرنگون ہے عرش کے نیچے لیے ہوئے ہے عرش کے پائے

على كتفه وانه ليصغر من خشية الله تعالى مثل العصفور

اپنے مونڈھوں پر اور وہ ڈر سے خدا کے چڑیا کے مانند ہوتا ہے

فاذا قضى الله تعالى شيئا في اللوح يكشف الغطاء من وجهه

اور جب خدا سے تعالی حکم کرتا ہے کسی چیز کا لوح محفوظ میں تو اٹھاتا ہے پردہ اپنے چہرے سے

وينظر الى ما قضى الله تعالى من حكمه وامره وليس من

اور دیکھتا ہے جو خدا سے تعالی نے حکم فرمایا کسی حکم اور امر سے اور

الملئكة اقرب مكانا بالعرش من اسرافيل بينه وبين

کوئی فرشتہ باعتبار مکان کے عرش کے قریب تر بہ نسبت اسرافیل کے نہیں ہے اسرافیل اور

العرش سبعون الف حجاب من الحجاب الى الحجاب مسيرة

عرش کے درمیان ستر ہزار پردے ہیں اور ایک پردے سے دوسرے پردے تک

خمسمائة عام وبين جبرئيل وإسرافيل سبعون ألف حجاب ومن

پانچ سو برس کا فاصلہ ہے اور جبرئیل اور اسرافیل کے درمیان ستر ہزار پردے ہیں اور

كل حجاب إلى حجاب مسيرة خمسمائة عام وإنه قائم وقد وضع

ہر پردے سے دوسرے پردے تک پانچ سو برس کا فاصلہ ہے اور اسرافیل کھڑے ہیں اور رکھا ہے

الصور على فخذه الأيمن ورأس الصور على فمه ينتظر إلى الله

صور کو اپنے داہنی ران پر صور کا سر انکے منھ پر ہے راہ دیکھتے ہیں خدا تعالی کی

تعالى متى يأمره بنفخه فينفخ فيه فإذا انقضت مدة الدنيا

حکم کی کہ کب پھونکنے کا حکم کرے پس وہ اسمیں پھونکیں سو جب تمام ہوگی مدت دنیا کی

يدنو الصور إلى جبهة إسرافيل فيضم إسرافيل عليه الأجنحة

تو نزدیک ہوگا صور انکی پیشانی سے پس جمع کر لینگے اسرافیل اپنے اوپر چاروں بازو یعنی پر

الأربعة ثم ينفخ في الصور ويجعل ملك الموت إحدى كفيه

پھر پھونکیں گے صور میں اور ملک الموت کریگا ایک ہتھیلی اپنی

تحت الأرض السابعة والأخرى فوق السماء السابعة فيأخذ

ساتوں زمین کے نیچے اور دوسری ہتھیلی ساتوں آسمان کے اوپر پس قبض کریگا

أرواح أهل السموات وأهل الأرضين ولا يبقى في الأرض

تمام آسمان والوں اور زمین والوں کی روحیں اور کوئی باقی نہیں رہیگا زمین میں

إلا إبليس عليه اللعنة ولا يبقى في السماء إلا جبرئيل و

مگر شیطان لعین اور کوئی باقی نہیں رہیگا آسمان میں مگر جبرئیل اور

ميكائيل وإسرافيل وعزرائيل عليهم السلام والذين

میکائیل اور اسرافیل اور عزرائیل علیہم السلام اور جنکو

استثناهم الله تعالى في قوله ونفخ في الصور فصعق من في

خدا تعالی نے خاص کیا اپنے اس قول میں کہ صور پھونکا گیا پس مر جاویگا جو کہ

السموات ومن في الأرض إلا من شاء الله وعن أبي هريرة

آسمانوں میں ہے اور زمین میں مگر جسکو چاہا خدا نے اور ابو ہریرہ سے روایت ہے

أنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم إن

کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

الله تعالى خلق الصور وله أربع شعب شعبة منها في المشرق و

کہ خدائے تعالی نے پیدا کیا صور اور اسکی چار شاخیں ہیں ایک شاخ اسکی مشرق میں اور

شعبة منها في المغرب وشعبة منها تحت الأرض السابعة

ایک شاخ اسکی مغرب میں اور ایک شاخ اسکی ساتویں زمین کے نیچے

وشعبة منها فوق السماء السابعة وفي الصور اثقاب بعدد

اور ایک شاخ اسکی ساتوین آسمان کے اوپر ہے اور صور مین سوراخ ہین جس قدر کہ

اصناف الارواح في واحد منها ارواح الانبياء عليهم السلام

روحون کی قسمون کی شمار ہے ایک سوراخ مین انبیا علیہم السلام کی روحین ہین

وفي واحد منها ارواح الجن وفي واحد منها ارواح الانس

اور ایک سوراخ مین جنات کی روحین ہین اور ایک سوراخ مین انسان کی روحین ہین

وفي واحد منها ارواح الشياطين وفي واحد منها ارواح

اور ایک سوراخ مین شیطانون کی روحین ہین اور ایک سوراخ مین

البهائم والهوام حتى النملة والبقة اعطاه اسرافيل فهو واضعه

چرپایون اور کیڑون مکوڑون کی روحین ہین یہانتک کہ چیونٹیون اور مچھرون کی دیا خدا نے اسرافیل کو صور پس وہ اسکو رکھے ہوئے

على فمه ينتظر متى يؤمر فينفخ فيه ثلث نفخات نفخة الفزع و

اپنے منھ پر انتظار کرتے ہین کہ کب حکم ہو پس اسکو پھونکینگے تین بار ایک پھونکنا خوف کا ہے اور

نفخة الصعق ونفخة البعث قال حذيفة يا رسول الله كيف

ایک پھونکنا موت کا ہے اور ایک پھونکنا بعث کا ہے کہا حذیفہ نے اے رسول خدا کس حال پر

يكون الخلائق عند النفخ في الصور قال يا حذيفة والذي

ہوگی مخلوق جب صور پھونکا جاویگا فرمایا اے حذیفہ قسم ہے اس ذات کی کہ

نفسي بيده لينفخن في الصور وتقوم الساعة والرجل قد رفع

جسکے ہاتھ مین میری جان ہے کہ صور پھونکا جاویگا اور قیامت قائم ہوگی اور حال یہ ہوگا کہ انسان نے اٹھایا ہے

لقمة الى فمه ولا يطعمها والثوب بين يديه ليلبسه فلا يلبسه

لقمہ اپنے منھ کی طرف اور نہین کھائیگا اسکو اور کپڑا اسکے سامنے ہے کہ پہنے اسکو پس نہین پہنے گا اسکو

ويكون الماء على فمه ليشرب الماء ولا يشرب منه باب ٢٠

اور پانی کا کوزہ اسکے منھ پر ہے تاکہ پیے پانی اور نہین پیے گا اسکو باب ٢٠

في ذكر نفخة الصور والفزع ثم ينفخ نفخة الفزع فيبلغ فزعه

نفخہ صور اور خوف کے بیان مین پھر صور پھونکا جاویگا خوف کا پس پہونچیگا اسکا خوف

اهل السماء واهل الارض الا ما شاء الله تعالى وتسير

آسمان والون اور زمین والون کو مگر جسکو چاہے خدا تعالی اور اڑینگے

الجبال سيرا وتمور السماء مورا وترجف الارض رجفا مثل

پہاڑ اڑنا اور حرکت کرینگے آسمان حرکت کرنا اور ہلے گی زمین ہلنا جیسے

السفينة في الماء وتضع الحوامل حملها وتذهل المرضعة ولدها

کشتی پانی مین ہلتی ہے اور ڈالدینگی حمل والیان اپنا حمل اور بھول جاوینگی دودھ پلانے والی اپنے بچے کو

وَتَشِيبُ الوِلْدَانُ شَيْبًا وَتَصِيرُ الشَّيَاطِينُ هَارِبَةً وَقَدْ تَنَاثَرَتْ
اور لڑکے بوڑھے ہونگے اور شیطان بھاگینگے اور گر پڑینگے

عَلَيْهِمُ النُّجُومُ وَكُسِفَتِ الشَّمْسُ وَخُسِفَ الْقَمَرُ وَكُشِطَتِ السَّمَاءُ
اُنپر تارے اور گہن ہونگے سورج اور چاند اور کھینچے جاوینگے آسمان

مِنْ فَوْقِهِمْ وَذَلِكَ قَوْلُهُ تَعَالَى إِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيمٌ وَ
انکا اوپر سے اور یہ خدا تعالی کا فرمان ہے قیامت کا بھونچال ایک بڑی چیز ہے اور

تَكُونُ ذَلِكَ أَرْبَعِينَ سَنَةً وَرُوِيَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُ قَالَ قَالَ
رہیگا یہ حال چالیس سال اور روایت ہے ابن عباس رضہ سے کہا فرمایا

رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمْ
رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے ای لوگو ڈرو اپنے خدا سے

إِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيمٌ ثُمَّ قَالَ أَتَدْرُونَ أَيُّ يَوْمٍ ذَلِكَ
البتہ بھونچال قیامت کا ایک بڑی چیز ہے پھر فرمایا کیا تم جانتے ہو یہ کون دن ہے

قَالُوا اللهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ قَالَ ذَلِكَ الْيَوْمَ يَقُولُ اللهُ تَعَالَى فِيهِ
انھون نے جواب دیا کہ خدا اور اسکا رسول زیادہ جانتا ہے فرمایا آنحضرت نے کہ یہ وہ دن ہے کہ فرمائیگا خدای تعالی اسدن

لِآدَمَ قُمْ وَابْعَثْ أَوْلَادَكَ بَعْثًا إِلَى النَّارِ فَيَقُولُ يَا رَبِّ كَمْ مِنْ كُلِّ
آدم علیہ السلام کو کھڑے ہو اور بھیجو اپنی اولاد کو طرف دوزخ کے پس کہینگے آدم علیہ السلام ای میرے رب ہر ہزار سے کسقدر

أَلْفٍ فَيَقُولُ اللهُ تَعَالَى مِنْ كُلِّ أَلْفٍ تِسْعَمِائَةٍ وَتِسْعَةً وَتِسْعِينَ
پس فرمائیگا خدا تعالے بھیجو ہر ہزار سے نو سو ننا وے

إِلَى النَّارِ وَوَاحِدًا إِلَى الْجَنَّةِ فَيَشُقُّ ذَلِكَ عَلَى الْقَوْمِ وَوَقَعَ عَلَيْهِمُ
طرف دوزخ کے اور ایک طرف جنت کے پس آنحضرت کا یہ فرمانا قوم پر دشوار ہوا اور بہوتچا انکو

الْبُكَاءُ وَالْحُزْنُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إِنِّي
غم اور رونا پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے کہ مین

لَأَرْجُو أَنْ تَكُونُوا رُبُعَ أَهْلِ الْجَنَّةِ ثُمَّ قَالَ إِنِّي لَأَرْجُو أَنْ تَكُونُوا
البتہ امید کرتا ہون کہ تم چوتہائی ہو اہل جنت کے پھر فرمایا کہ امید کرتا ہون کہ تم

شَطْرَ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَفَرِحُوا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ
آدہے ہو اہل جنت کے پس خوش ہوے قوم پھر فرمایا نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے

أَبْشِرُوا فَإِنَّمَا أَنْتُمْ فِي الْأُمَمِ كَالشَّامَةِ فِي جَنْبِ الْبَعِيرِ وَأَنْتُمْ جُزْءٌ وَاحِدٌ
تو خوشخبری لو کہ تم امتوں مین ایسے ہو جیسے ہو اونٹ کے پہلو مین ابہری اور تم ایک حصہ ہو

مِنْ أَلْفِ جُزْءٍ وَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى
ہزار حصون سے اور کہا ابو ہریرہ رضہ نے فرمایا رسول خدا صلے

الله عليه وآله وسلم ان لله تعالى مائة رحمة انزل منها رحمة

اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خدائے تعالیٰ کے نزدیک سو رحمتیں ہیں جن میں سے اتارا ایک رحمت کو

بين الجن والبهائم والانس والهوام بها يتعاطفون وبها يتراحمون

درمیان جنات اور چوپایوں اور انسان اور کیڑوں کے کہ اسی کے سبب سے باہم مہربانی اور رحمت کرتے ہیں

واخر تسعة وتسعين رحمة يرحم بها عباده يوم القيمة ثم يامر

اور اپنے پاس رکھ چھوڑی ہیں ننانوے رحمتیں کہ اس سے رحمت کریگا اپنے بندوں پر دن قیامت کے پھر حکم کریگا

الله تعالى اسرافيل بنفخة الصعق فينفخ فيقول ايتها الارواح

خدائے تعالیٰ اسرافیل علیہ السلام کو موت کی صور پھونکنے کا پس پھونکیگا سو کہے گا اے ننگی ہوئی روحو

العارية اخرجن بامر الله تعالى فصعق ومات اهل السموت

نکلو حکم سے خدائے تعالیٰ کے پس بیہوش ہونگے اور مرینگے تمام آسمان والے

واهل الارضين الا ما شاء الله وهم الشهداء فانهم احياء

اور زمینوں کے باشندے مگر جسکو چاہے خدا اور وہ شہید ہیں پس وہ زندہ ہیں

عند ربهم يرزقون كما قال الله تعالى ولا تحسبن الذين

اپنے رب کے پاس روزی پاتے ہیں جیسا کچھ فرمایا خدائے تعالیٰ نے اور تو نہ گمان کر انکو جو

قتلوا في سبيل الله امواتا بل احياء عند ربهم يرزقون وفي

مارے گئے خدا کی راہ میں مردے بلکہ زندہ ہیں اپنے رب کے پاس روزی پاتے ہیں اور

الخبر ان النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال ان الله تعالى

حدیث میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ خدائے تعالیٰ نے

اكرم الشهداء بخمس كرامات لم يكن منها احد للانبياء احدها

عزت دی شہیدوں کو پانچ کرامتوں سے کہ انمیں سے کوئی کرامت کسی پیغمبر کو نہیں ہے پہلی کرامت یہ ہے

ان ارواح جميع الانبياء يقبضها ملك الموت وانا كذلك وارواح

کہ تمام پیغمبروں کی روحوں کو ملک الموت قبض کرتا ہے اور میں بھی اسی طرح ہوں اور شہیدوں کی روحونکو

الشهداء يقبضها الله تعالى وثانيها ان جميع الانبياء يغسلون

خدائے تعالیٰ قبض کرتا ہے اور دوسری کرامت یہ ہے کہ سب پیغمبر نہلائے جاتے ہیں

بعد موتهم وانا كذلك والشهداء لا يغسلون وثالثها ان

بعد مرنے کے اور میں بھی اسی طرح ہوں اور شہید نہیں نہلائے جاتے ہیں اور تیسری کرامت یہ ہے

جميع الانبياء يكفنون وانا كذلك والشهداء لا يكفنون

کہ سب پیغمبر کفن دیے جاتے ہیں اور میں بھی اسی طرح ہوں اور شہید کفن نہیں دیے جاتے ہیں

ورابعها [illegible] يسمون الانبياء الموتى وانا كذلك ويقال

چوتھی کرامت یہ ہے کہ پیغمبروں کو بعد مرنے کے مردہ نام رکھتے ہیں اور میں اسی طرح ہوں کہا جاسے گا

مَاتَ مُحَمَّدٌ وَالشُّهَدَاءُ أَحْيَاءٌ لَا يُسَمَّوْنَ الْمَوْتَى وَخَامِسُهَا أَنَّ الْأَنْبِيَاءَ

وفات پائی محمدؐ نے اور شہید زندہ ہیں انکو مردہ نام نہیں رکھتے ہیں اور پانچویں کرامت یہ ہو کہ پیغمبر

يَشْفَعُونَ لِأُمَمِهِمْ خَاصَّةً وَأَنَا كَذٰلِكَ وَالشُّهَدَاءُ يَشْفَعُونَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

خاص اپنی امت کی شفاعت کرینگے اور میں بھی اسی طرح ہوں اور شہید شفاعت کرینگے دن قیامت کے

لِكُلِّ أُمَّةٍ وَيُقَالُ إِلَّا مَا شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِثْنَا عَشَرَ نَفَرًا وَهُمْ

ہر امت کی اور یہ کہا جاتا ہو کہ جنکو خدا نے چاہا کہ صور پھونکنے سے نہیں مرینگے وہ بارہ شخص ہیں

جِبْرَئِيلُ عَ وَإِسْرَافِيلُ عَ وَمِيكَائِيلُ وَعِزْرَائِيلُ وَثَمَانِيَةٌ مِنْ حَمَلَةِ

جبرئیلؑ اور اسرافیلؑ اور میکائیلؑ اور عزرائیلؑ اور آٹھ عرش کے اٹھانیوالے

الْعَرْشِ فَيَبْقَى الدُّنْيَا بِلَا إِنْسَانٍ وَلَا جِنٍّ وَلَا شَيْطَانٍ وَلَا وَحْشٍ

پس دنیا باقی رہیگی بے انسان اور بے جنات اور بے شیطان اور بے جنگلی جانوروں کے

ثُمَّ يَقُولُ اللّٰهُ تَعَالٰى يَا مَلَكَ الْمَوْتِ إِنِّي خَلَقْتُ لَكَ بِعَدَدِ الْأَوَّلِينَ

پھر فرماویگا خدائے تعالیٰ اے ملک الموت میں نے تیرے لیے پیدا کیے جسقدر کہ اگلوں

وَالْآخِرِينَ أَعْوَانًا وَجَعَلْتُ لَكَ قُوَّةَ أَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَأَهْلِ الْأَرَضِينَ

اور پچھلوں کے شمار ہے مددگار اور میں نے تجکو دی قوت آسمان والوں اور زمین والوں کی

وَإِنِّي أُلْبِسُكَ الْيَوْمَ أَثْوَابَ الْغَضَبِ فَانْزِلْ بِغَضَبِي وَسَطْوَتِي

اور آج میں تجکو پہناتا ہوں کپڑے غصہ کے پس اتر میرے غصہ اور دبدبے سے

إِلٰى إِبْلِيسَ وَأَذِقْهُ الْمَوْتَ وَاحْمِلْ عَلَيْهِ مَرَارَةَ مَوْتِ الْأَوَّلِينَ

طرف ابلیس کے اور چکھا اسکو موت اور اسپر جمع کر موت کی تلخی اگلوں

وَالْآخِرِينَ مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ أَضْعَافًا مُضَاعَفَةً وَلْيَكُنْ مَعَكَ مِنَ

اور پچھلوں کی اور جنات اور انسان دونے پر دونے اور ہوویں تیرے ہمراہ

الزَّبَانِيَةِ سَبْعُونَ أَلْفًا وَمَعَ كُلِّ زَبَانِيَةٍ سِلْسِلَةٌ مِنْ سَلَاسِلِ

ستر ہزار فرشتے دوزخ بان اور ہر ہر دوزخ بان کے ہمراہ ایک زنجیر دوزخ کی زنجیروں سے

اللَّظٰى فَيُنَادِي مَلَكُ الْمَوْتِ فَيُفْتَحُ أَبْوَابُ النِّيرَانِ وَيَجِيءُ الزَّبَانِيَةُ

پس آواز دیگا ملک الموت پس کھلینگے دروازے دوزخ کے اور آوینگے عذاب کے فرشتے

مَعَ السَّلَاسِلِ فَيَنْزِلُ مَلَكُ الْمَوْتِ بِصُورَةٍ لَوْ نَزَلَ عَلٰى أَهْلِ السَّمٰوٰتِ

زنجیریں لیکر پس اتریگا ملک الموت ایسی صورت سے کہ اگر اترے سب اہل آسمان اور

وَالْأَرَضِينَ السَّبْعِ وَنَظَرُوا إِلَيْهِ فِيهَا لَمَا تُوا كُلُّهُمْ فَيَنْتَهِي إِلٰى

اور ساتوں زمین والوں پر اور دیکھیں اسکو اس صورت میں تو سب کے سب مرجائیں پس پہنچیگا

إِبْلِيسَ وَيَزْجُرُهُ زَجْرَةً فَإِذَا هُوَ قَدْ صَعِقَ وَلَهُ خَرْخَرَةٌ لَوْ سَمِعَهَا

ابلیس کو اور جھڑکی دیگا اسکو ایک جھڑکی پھر اسیوقت وہ بیہوش ہوگا اور ڈکارے لیگا اگر سنیں اسکو

أَهْلُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرَضِينَ لَصَعِقُوا مِنْ تِلْكَ الْخَرْخَرَةِ وَيَقُولُ

آسمانون اور زمینون کے باشندے تو البتہ بیہوش ہو جاوین ان خراٹون کی ہیبت ناک آواز سے اور کہیگا

مَلَكُ الْمَوْتِ لَهُ قِفْ يَا خَبِيثُ لَأُذِيقَنَّكَ الْمَوْتَ كَمْ مِنْ عُمْرٍ

اسکو ملک الموت ٹھہر تو اے خبیث مین تجکو موت کا مزہ چکھاؤن بہت عمر

أَدْرَكْتَهُ وَكَمْ مِنْ قَرْنٍ أَضْلَلْتَ قَالَ فَيَهْرُبُ إِلَى الْمَشْرِقِ فَإِذَا هُوَ

تو نے پائی اور بہت گروہ تو نے گمراہ کیے کہا پس بھاگے گا مشرق کی طرف سو وہین ملک الموت

عِنْدَهُ وَإِلَى الْمَغْرِبِ فَإِذَا هُوَ عِنْدَهُ فَلَا يَزَالُ إِلَى حَيْثُ يَهْرُبُ ثُمَّ

اُسکے پاس موجود ہوگا اور بھاگیگا مغرب کی طرف سو وہین ملک الموت اُسکے پاس موجود ہوگا پس ملک الموت ہمیشہ اُسکے ساتھ ہوگا جہان وہ بھاگے پھر

يَقُومُ إِبْلِيسُ فِي وَسَطِ الدُّنْيَا عِنْدَ قَبْرِ آدَمَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ

ابلیس کھڑا ہوگا دنیا کے بیچ مین آدم علیہ السلام کے قبر کے نزدیک

عَلَيْهِ وَيَقُولُ يَا آدَمُ مِنْ أَجْلِكَ صِرْتُ رَجِيمًا مَلْعُونًا مَطْرُودًا

اور کہے گا اے آدم تیرے ہی سبب سے مین ہوا ذلیل ملعون مردود

ثُمَّ يَقُولُ إِبْلِيسُ يَا مَلَكَ الْمَوْتِ بِأَيِّ كَأْسٍ تَسْقِينِي وَبِأَيِّ

پھر کہیگا ابلیس اے ملک الموت کس پیالہ سے تو مجکو پلائیگا اور کس

عَذَابٍ تَقْبِضُ رُوحِي فَيَقُولُ بِكَأْسِ اللَّظٰى وَعَذَابِ السَّعِيرِ وَإِبْلِيسُ

عذاب سے تو میری روح قبض کریگا ملک الموت کہیگا کہ بھڑکتی آگ کے پیالے اور دہکتی آگ کے عذاب سے اور ابلیس

يَتَمَرَّغُ وَيَقَعُ فِي التُّرَابِ مَرَّةً بَعْدَ مَرَّةٍ حَتّٰى إِذَا كَانَ فِي الْمَوْضِعِ الَّذِي

زمین مین لوٹے گا اور بار بار خاک مین پڑیگا یہانتک کہ جب پہونچے گا اس جگہ کہ

أُهْبِطَ فِيهِ وَلُعِنَ فِيهِ وَقَدْ نُصِبَ لَهُ الزَّبَانِيَةُ بِالْكَلَالِيبِ يَخْدِشُونَهُ

جہان اُتارا گیا تھا اور لعنت کیا گیا اور ڈالے ہین اُسکے لئے دوزخ بانون نے آنکڑے تو اُسکو زخمی کرینگے اُسسے

وَيَطْعَنُونَهُ وَيَقَعُ فِي النَّزْعِ وَشِدَّةِ الْكُرْبَةِ وَالْمَوْتِ مَا شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى

اور نیزے مارینگے اور پڑیگا ابلیس جانکندنی اور نہایت سختی اور موت مین جسقدر مدت چاہے خدا تعالے

بَابٌ ۱۲ فِي ذِكْرِ فَنَاءِ الْأَشْيَاءِ ثُمَّ يَأْمُرُ اللّٰهُ تَعَالٰى مَلَكَ

باب بارھوان سب چیزون کے فنا ہونے کے بیان مین پھر حکم کریگا خدا تعالی ملک الموت کو

الْمَوْتِ أَنْ يُفْنِيَ الْبِحَارَ كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَهُ

کہ فنا کرے دریاؤن کو جیسا کہ فرمایا خدا تعالی نے ہر چیز کو فنا ہے سوا ذات باری تعالی کے

فَيَأْتِي مَلَكُ الْمَوْتِ إِلَى الْبِحَارِ وَيَقُولُ لَهُ قَدِ انْقَضَتْ مُدَّتُكُنَّ

پس آئیگا ملک الموت دریاؤن کے نزدیک اور کہیگا انکو کہ تمام ہوئی تمہاری مدت

فَتَقُولُ ائْذَنْ لَنَا حَتّٰى نَنُوحَ عَلٰى أَنْفُسِنَا فَتَقُولُ أَيْنَ أَمْوَاجُنَا

پس کہینگے دریا اجازت دی مجکو کہ ہم اپنے نفسون پر نوحہ کرین پھر کہینگے ہماری موجین کہان ہین

وَاَیْنَ عَجَائِبُنَا وَقَدْ جَاءَ اَمْرُ اللّٰہِ تَعَالٰی ثُمَّ یَصِیْحُ عَلَیْہَا مَلَکُ الْمَوْتِ

اور کہاں ہیں ہماری عجیب چیزیں اور البتہ آگیا حکم اللہ تعالیٰ کا پھر ماریگا اُنپر ملک الموت

صَیْحَۃً فَکَاَنَّ مَاءَهَا لَمْ یَکُنْ ثُمَّ یَاْتِیْ اِلَی الْجِبَالِ وَیَقُوْلُ لَہَا قَدْ

ایک چیخ پس ہوگا کہ اُنکا پانی کبھی نہ تھا ۔ پھر آئیگا ملک الموت طرف پہاڑوں کے اور کہیگا اُنکو

انْقَضَتْ مُدَّتُکُنَّ فَتَقُوْلُ اِئْذَنْ لَنَا حَتّٰی نَنُوْحَ عَلٰی اَنْفُسِنَا فَتَقُوْلُ اَیْنَ

کہ تمام ہوئی تمہاری مدت پس کہینگے پہاڑ کہ اجازت دے ہمکو کہ ہم نوحہ کریں اپنے نفسوں پھر کہینگے

صُعُوْدِیْ وَقُوَّتِیْ وَقَدْ جَاءَ اَمْرُ اللّٰہِ ثُمَّ یَصِیْحُ عَلَیْہَا مَلَکُ الْمَوْتِ صَیْحَۃً تَذُوْ

کہاں ہے ہماری بلندی اور قوت اور البتہ آگیا حکم اللہ تعالیٰ کا پھر اُنپر ماریگا ملک الموت ایک چیخ کہ پگھل جاوینگے

بِہَا کَمَا تَذُوْبُ الرَّصَاصُ ثُمَّ یَاْتِیْ اِلَی الْاَرْضِ وَیَقُوْلُ لَہَا قَدِ انْقَضَتْ

اُسکے سبب سے جیسے رانگ آگ میں پگھل جاتا ہے پھر آئیگا طرف زمین کے اور کہیگا اُسکو تمام ہوئی

مُدَّتُکِ فَتَقُوْلُ الْاَرْضُ اِئْذَنْ لِیْ حَتّٰی اَنُوْحَ عَلٰی نَفْسِیْ فَتَنُوْحُ وَتَقُوْلُ

تیری مدت پھر زمین کہیگی کہ اجازت دے مجھے کہ میں نوحہ کروں اپنے نفس پر پھر نوحہ کریگی اور کہیگی

اَیْنَ مَکْنُوْنِیْ وَھَوَائِیْ وَاَشْجَارِیْ وَاَنْہَارِیْ وَاَنْوَاعُ نَبَاتِیْ فَیَصِیْحُ

کہاں ہیں میرے چھپے خزانے اور میری ہوائیں اور میرے درخت اور میری نہریں اور میری طرح طرح کے سبزے

مَلَکُ الْمَوْتِ عَلَیْہَا صَیْحَۃً فَیَتَسَاقَطُ حِیْطَانُہَا وَتَغُوْرُ فِیْہَا

پس اُسپر ماریگا ملک الموت ایک چیخ سو گرینگی اُسکی دیواریں اور داخل ہونگے اُسمیں

مِیَاهُہَا ثُمَّ یَصْعَدُ اِلَی السَّمَاءِ فَیَصِیْحُ عَلَیْہَا صَیْحَۃً فَتَنْکَسِفُ الشَّمْسُ وَ

اُسکے پانی پھر چڑھیگا طرف آسمان کے پس ماریگا اُنپر ایک چیخ سو گہن ہو جاوے گے سورج اور

یَنْخَسِفُ الْقَمَرُ وَیَتَنَاثَرُ النُّجُوْمُ ثُمَّ یَقُوْلُ اللّٰہُ تَعَالٰی یَا مَلَکَ الْمَوْتِ

چاند اور گر پڑینگے تارے پھر فرماوے گا خدائے تعالیٰ اے ملک الموت

مَنْ بَقِیَ مِنْ خَلْقِیْ فَیَقُوْلُ اِلٰہِیْ اَنْتَ الْحَیُّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ وَبَقِیَ

کون باقی رہا میری مخلوق سے پس کہیگا اے خدا میرے تو زندہ ہے کہ نہیں مرے گا اور باقی ہیں

جِبْرَائِیْلُ وَمِیْکَائِیْلُ وَاِسْرَافِیْلُ وَحَمَلَۃُ الْعَرْشِ وَاَنَا الْعَبْدُ

جبرئیل ع اور میکائیل اور اسرافیل ع اور عرش کے اٹھانے والے اور میں بندہ

الضَّعِیْفُ فَیَقُوْلُ اللّٰہُ تَعَالٰی یَا مَلَکَ الْمَوْتِ اَلَمْ تَسْمَعْ قَوْلِیْ کُلُّ

ضعیف پس فرماویگا خدائے تعالیٰ اے ملک الموت کیا تو نے نہیں سنا ہے میرا قول کہ ہر نفس

نَفْسٍ ذَائِقَۃُ الْمَوْتِ وَاَنْتَ مِنْ خَلْقِیْ خَلَقْتُکَ فَمُتْ فَیَمُوْتُ

چکھے گا موت کا مزا اور تو میری مخلوق سے ہے میں نے تجکو پیدا کیا پس مر جا سو وہ مریگا

وَفِیْ خَبَرٍ اٰخَرَ اِذْھَبْ فَمُتْ بَیْنَ الْجَنَّۃِ وَالنَّارِ وَلَا یَبْقٰی شَیْءٌ

اور دوسری روایت میں ہے کہ جا اور مر بہشت اور دوزخ کے درمیان میں اور کوئی باقی نہیں رہے گا

غیر اللہ تعالیٰ فیبقی الدنیا خرابا ما شاء اللہ باب ۲۲ فی ذکر

سوائے خدائے تعالیٰ کے پس رہیگی دنیا اجاڑ جتنی مدت خدا چاہے باب ۲۲

حشر الخلائق بعد موتہم و فی الخبر اذا اراد اللہ تعالیٰ ان

مخلوق کے حشر کے بیان میں بعد مرنے کے اور حدیث میں ہے کہ جب چاہے گا اللہ تعالیٰ کہ جمع کرے

یحشر الخلائق یحیی اللہ جبرائیل و میکائیل و اسرافیل و عزرائیل

مخلوقات کو تو زندہ کریگا جبرئیل اور میکائیل اور اسرافیل اور عزرائیل

علیہم السلام و اولہم اسرافیل فیاخذ الصور من العرش فیبعثہم

علیہم السلام کو اول اسرائیل زندہ ہونگے پس اٹھائینگے صور کو عرش سے پس انکو بھیجیگا

اللہ تعالیٰ الی رضوان الجنۃ فیقولون یا رضوان زین الجنان

خدائے تعالیٰ رضوان جنت کے پاس پس کہینگے اے رضوان آراستہ کر جنتوں کو

لمحمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم و امتہ ثم یاتون مع البراق

محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اور انکی امت کے واسطے پھر لائینگے براق

و لواء الحمد و حلتین من حلل الجنۃ فاول ما یجیء من اللہ دواب

اور نشان حمد اور دو حلے بہشت کے حلوں سے پس پہلے جو چوپاؤں سے آئیگا وہ

البراق فیقول اللہ تعالیٰ لہم اکسوہ فیکسونہ سرجا مرصعا

براق ہو پس فرمائیگا خدائے تعالیٰ انکو پہناؤ براق کو پس پہنائینگے اسے جڑاؤ زین

من یاقوت حمراء و لجامہا من زبرجد خضراء و حلتین احدہما

سرخ یاقوت کی اور پہنائینگے اسکو لگام سبز زبرجد کی اور پہنائینگے اسے دو حلے ایک

خضراء و الاخر صفراء فیقول اللہ تعالیٰ انطلقوا الی قبر محمد

سبز ہوگا اور دوسرا زرد پس فرمائیگا خدائے تعالیٰ جاؤ قبر پر محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے

فیذہبون و صارت الارض قاعا صفصفا فلا یدرون القبر

پس جائینگے اور زمین ایک ہموار میدان ہوگی پس نہیں معلوم ہوگی انھیں قبر (قبر شریف)

فیظہر نور محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم مثل العمود من مکان

پھر ظاہر ہوگا محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا نور ستون کے مانند آنحضرت صلعم کے

قبرہ الی عنان السماء فیقول جبرائیل نادِ انت یا اسرافیل

قبر کی جگہ سے آسمان کے کنارے تک پس کہینگے جبرئیل تو آواز دے اے اسرافیل

انت ممن یحشر اللہ الخلائق بیدک فیقول یا جبرائیل

تیرے ہی ہاتھ سے خدا تمام مخلوقات کو جمع کریگا پس کہینگے اے جبرئیل

نادِ انت فانک خلیلہ فی الدنیا فیقول انا استحیی منہ فیقول

تو آواز دے کیونکہ تو اسکا دوست تھا دنیا میں پھر کہینگے جبرئیل کہ میں انسے شرماتا ہوں پس کہینگے

اِسْرَافِیْلُ نَادِ اَنْتَ یَا مِیْکَائِیْلُ فَیَقُوْلُ مِیْکَائِیْلُ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا

اسرافیل تو آواز دے اے میکائیل پس کہینگے میکائیل السلام علیک یا

مُحَمَّدُ فَلَا یُجِیْبُهٗ اَحَدٌ فَیَقُوْلُوْنَ لِمَلَكِ الْمَوْتِ نَادِ اَنْتَ فَیَقُوْلُ

محمدؐ پس کوئی انکو جواب نہین دیگا پس تمام فرشتے کہینگے ملک الموت کو تو آواز دے پس کہیگا ملک الموت

یَا اَیَّتُهَا الرُّوْحُ الطَّیِّبَةُ اِرْجِعِیْ اِلَی الْبَدَنِ الطَّیِّبِ فَلَا یُجِیْبُهٗ اَحَدٌ

اے پاک روح لوٹ تو پاک بدن کی طرف پس کوئی اسکو جواب نہین دیگا

ثُمَّ یُنَادِیْ اِسْرَافِیْلُ اَیَّتُهَا الرُّوْحُ الطَّیِّبَةُ قُوْمِیْ لِفَصْلِ الْقَضَاءِ

پھر آواز دیگا اسرافیل اے پاک روح کھڑی ہو طرف فیصلے حکم کے

وَالْحِسَابِ وَالْعَرْضِ عَلَی الرَّحْمٰنِ فَیَنْشَقُّ الْقَبْرُ فَاِذَا هُوَ جَالِسٌ

اور حساب کے اور خدا کے پاس آنے کو پس پھٹے گی قبر شریف پس اسوقت آپ بیٹھے ہونگے

فِیْ قَبْرِهٖ وَیَنْفُضُ التُّرَابَ عَنْ رَاْسِهٖ وَلِحْیَتِهٖ فَیُعْطِیْهِ جِبْرَائِیْلُ

اپنی قبر مین اور خاک جھاڑتے ہونگے اپنے سر اور داڑھی سے پس دینگے آپ کو جبریلؑ

حُلَّتَیْنِ وَالْبُرَاقَ فَیَقُوْلُ یَا جِبْرَائِیْلُ اَیُّ یَوْمٍ هٰذَا فَیَقُوْلُ هٰذَا یَوْمُ

دو حلے اور براق پس فرماوینگے اے جبرئیل یہ کون دن ہے پس کہینگے جبریلؑ یہ دن ہے

النَّدَامَةِ وَالْحَسْرَةِ وَالْمَلَامَةِ هٰذَا یَوْمُ الْمِیْثَاقِ وَالْبُرَاقِ هٰذَا یَوْمُ

شرمندگی اور افسوس اور ملامت کا یہ دن ہے دوانگی ! اور براق کا یہ دن ہے

الْفِرَاقِ هٰذَا یَوْمُ التَّلَاقِ فَیَقُوْلُ یَا جِبْرَائِیْلُ بَشِّرْنِیْ فَیَقُوْلُ یَا مُحَمَّدُ

جدائی اور ملاقات کا پھر فرماینگے اے جبریل خوشخبری سنا مجھ کو کہینگے اے محمدؐ

مَعِیَ الْبُرَاقُ وَلِوَاءُ الْحَمْدِ وَالتَّاجُ فَیَقُوْلُ لَسْتُ اَسْاَلُكَ عَنْ ذٰلِكَ

میرے ساتھ براق ہے اور نشان حمد وتاج پس آپ فرماینگے مین اس سے سوال نہیں کرتا

فَیَقُوْلُ الْجَنَّةُ قَدْ فُتِحَتْ وَانْتَظَرَتْ وَاسْتَعَدَّتْ وَزُیِّنَتْ وَزُخْرِفَتْ

پس کہینگے جبریل دروازے جنت کے کھلے ہین اور جنت آپکی راہ دیکھتی ہے اور آراستہ ہوئی ہے اور سنوار زینت دیگئی ہے

لِقُدُوْمِكَ وَالنَّارُ قَدْ اُغْلِقَتْ فَیَقُوْلُ لَسْتُ اَسْاَلُكَ عَنْ هٰذَا

آپکے آنے کیلیے اور دوزخ بند ہے پس آپ فرماینگے مین اس سے سوال نہین کرتا ہوں

وَلٰكِنْ اَسْاَلُكَ عَنْ اُمَّتِی الْمُذْنِبِیْنَ لَعَلَّكَ تَرَكْتَهُمْ عَلَی الصِّرَاطِ

اور لیکن سوال کرتا ہوں اپنی گنہگار امت سے شاید کہ تم انکو چھوڑ آئے ہو پل صراط پر

فَیَقُوْلُ اِسْرَافِیْلُ وَعِزَّةِ رَبِّیْ یَا مُحَمَّدُ مَا نَفَخْتُ الصُّوْرَ بَعْدُ

پس کہینگے اسرافیل اپنے رب کی عزت کی قسم اے محمد میں نے ابھی صور نہین پھونکا ہے

فَیَقُوْلُ الْاٰنَ طَابَتْ نَفْسِیْ وَقَرَّتْ عَیْنِیْ فَیَاْخُذُ التَّاجَ وَالْحُلَّةَ

پس آپ فرماینگے کہ اسوقت میرا دل خوش ہوا اور میری آنکھ ٹھنڈی ہوئی پس لیلگے تاج اور حلہ

وَيَلْبِسُهُمَا وَيَرْكَبُ الْبُرَاقَ بَابُ ٢٣ فِي ذِكْرِ الْبُرَاقِ وَرَدَ فِي الْخَبَرِ

اور ان کو پہنینگے اور براق پر سوار ہونگے باب ٢٣ براق کے بیان مین وارد ہی خبر مین کہ

أَنَّ لِلْبُرَاقِ جَنَاحَيْنِ يَطِيرُ بِهِمَا مَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ وَوَجْهُهُ

براق کے دو بازو ہین کہ ان سے اڑتا ہی درمیان آسمان و زمین کے اور اسکا چہرہ

كَوَجْهِ الْإِنْسَانِ وَلِسَانُهُ كَلِسَانِ الْعَرَبِ وَاضِحُ الْجَبِينِ ضَخْمُ

آدمی کے چہرے کے مانند ہی اور اسکی زبان عرب کی زبان کے مانند ہی کشادہ پیشانی ہے موٹے ہین اسکے

الْقَرْنَيْنِ رَقِيقُ الْأُذُنَيْنِ وَهُمَا مِنْ زَبَرْجَدٍ أَخْضَرَ أَسْوَدُ الْعَيْنَيْنِ

دونون سینگ پتلے ہین دونون کان اور یہ دونون کان سبز زبرجد سے ہین اور سیاہ ہین دونون آنکھین

وَيُقَالُ كَالْكَوَاكِبِ الدُّرِّيِّ وَنَاصِيَتُهُ مِنْ يَاقُوتٍ حَمْرَاءَ وَذَنَبُهُ

اور کہا جاتا ہی کہ دونون آنکھین چمکتے تارے کی مانند ہین اور اسکے ایلے کے بال سرخ یاقوت سے ہین اور اسکی دم

كَذَنَبِ الْبَقَرِ مُكَلَّلٌ بِالذَّهَبِ الْأَحْمَرِ بَدَنُهُ كَالْبَقَرِ وَيُقَالُ

گائے کی دم کے مانند ہی سرخ سونے سے مرصع کی گئی ہی اور اسکا بدن گائے کے مانند ہی اور کہا جاتا ہی کہ

كَالطَّاوُسِ فَوْقَ الْحِمَارِ دُونَ الْبَغْلِ سُمِّيَ بِذٰلِكَ لِكَوْنِهِ سَرِيعَ

مور کے مانند ہی گدھے سے بڑا ہی خچر سے چھوٹا ہی اور اسکا براق نام رکھا گیا ہی اسواسطے کہ وہ

السَّيْرِ كَالْبَرْقِ فَلَمَّا دَنَا مُحَمَّدٌ ﷺ لِيَرْكَبَ الْبُرَاقَ جَعَلَ يَضْطَرِبُ

تیز رفتاری مین مانند بجلی کے ہی پس جبکہ آنحضرت نزدیک ہوے کہ براق پر سوار ہووین تو وہ شوخی کرنے لگا

وَيَقُولُ وَعِزَّةِ رَبِّي لَا يَرْكَبُنِي أَحَدٌ إِلَّا النَّبِيُّ الْهَاشِمِيُّ الْأَبْطَحِيُّ

اور کہنے لگا میرے رب کی عزت کی قسم کوئی مجھپر سوار نہین ہوگا سواے نبی ہاشمی ابطحی

الْقُرَشِيُّ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ صَاحِبُ الْقُرْآنِ فَيَقُولُ أَنَا مُحَمَّدُ

قریشی محمد ابن عبداللہ صاحب قرآن کے پس آپ فرماوینگے کہ مین محمد

نِ الْقُرَشِيُّ الْهَاشِمِيُّ فَيَرْكَبُ ثُمَّ يَنْطَلِقُ إِلَى الْعَرْشِ فَيَخِرُّ سَاجِدًا

قریشی ہاشمی ہون پس سوار ہونگے پھر چلینگے طرف عرش کے پھر گر پڑینگے آپ سجدے مین

فَيُنَادَى ارْفَعْ رَأْسَكَ لَيْسَ هٰذَا يَوْمُ الرُّكُوعِ وَالسُّجُودِ بَلْ هٰذَا

پس آواز آئیگی کہ اٹھاؤ اپنا سر یہ دن رکوع اور سجدے کا ہی نہین ہی بلکہ یہ

يَوْمُ الْحِسَابِ وَالْعَذَابِ ارْفَعْ رَأْسَكَ وَاشْفَعْ فِي أُمَّتِكَ وَسَلْ

دن حساب کا ہی اور عذاب کا اٹھاؤ اپنا سر اور اپنی امت کی شفاعت کرو اور مانگو

تُعْطَ فَيَقُولُ إِلٰهِي وَعِزَّتِكَ أَسْأَلُكَ فِي أُمَّتِي فَيَقُولُ اللّٰهُ تَعَالٰى

دیے جاؤگے پس آپ کہینگے ای خدا میرے تیری عزت کی قسم مین تجھسے اپنی امت کے بارہ مین سوال کرتا ہون پس فرمائیگا خدا تعالی

أَعْطَيْتُكَ مَا تَرْضٰى بِهِ لِقَوْلِهِ تَعَالٰى وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى

تجکو دی مین نے وہ چیز جس سے تو راضی ہوگا کیونکہ فرمایا خدای تعالی نے اور عنقریب دیگا تجکو تیرا رب پھر تو راضی ہوگا

ثم یأمر اللہ تعالی السماء بأن یمطر مطرا فیمطر السماء ماء

پھر حکم کریگا خدائے تعالی آسمان کو مینھ برسانے کا پس برسائیگا آسمان پانی

کمنی الرجال اربعین یوما ویکون الماء فوق کل شیء

آدمیون کی منی کے مانند چالیس دن تک اور ہوگا پانی ہر چیز سے اوپر

اثنا عشر ذراعا فینبت الخلق من ذلک الماء کنبات البقل حتی

بارہ ہاتھ پس پیدا ہوگی مخلوق اس پانی سے جس طرح سبزہ اگتا ہے یہانتک کہ

تتکامل اجسامهم کما کانت ثم یطوی السماء والارض فیقول

بدن انکے کامل ہونگے جس طرح کہ تھے پھر لپیٹیگا خدائے تعالی آسمان اور زمین کو پس کہیگا

اللہ تعالی لمن الملک الیوم فلا یجیبه احد ثانیا وثالثا ثم یقول اللہ

خدائے تعالی کسکے لیے ہے آج بادشاہی پس کوئی جواب نہین دیگا اسکو دوبارہ اور سہ بارہ پھر فرمائیگا خدائے تعالی

تعالی للہ الواحد القهار یقول این الجبابرۃ واین ابناء

کہ اللہ کے لیے ہے جو ایک ہے غالب اور فرمائے گا کہان ہین جبارہ اور کہان ہین بیٹے

الجبابرۃ واین الملوک واین ابناء الملوک واین الذین یاکلون

جبارون کے اور کہان ہین بادشاہ اور کہان ہین بادشاہون کے بیٹے اور کہان ہین وہ جو کھاتے تھے

رزقی ویعبدون غیری ثم تصیر الجبال کالعهن المنفوش ثم

میری روزی اور بندگی کرتے تھے میرے غیر کی پھر ہونگے پہاڑ جیسے اون دھنی ہوئی پھر

تبدل الارض التی عمل علیها بالمعاصی فینصب علیها جهنم و

بدل دیجاویگی وہ زمین جسپر گناہ کیئے گئے سو اسپر قائم کی جاویگی دوزخ اور

یوتی الارض التی من فضة بیضاء فینصب اللہ الجنة علیها وروی

اور آویگی دوسری زمین کہ وہ سفید چاندی سے ہے سو اسپر قائم کریگا خدا جنت کو اور روایت ہے

عن عائشة رض انها قالت قلت یا رسول اللہ یوم تبدل الارض غیر

عائشہ رض سے کہا کہ مین نے کہا اے رسول خدا کہ جسدن یہ زمین دوسری زمین سے بدلی جاوے گی

الارض این الناس یومئذ قال یا عائشة لقد سألتنی عن شیء عظیم

تو اسدن لوگ کہان ہونگے فرمایا اے عائشہ تو نے مجھ سے ایک بڑی چیز کا سوال کیا

ما سألنی عنه غیرک الناس یومئذ علی الصراط باب ۲۴ فی ذکر نفخة

تیرے سوا مجھ سے اسکا کسینے سوال نہین کیا اسدن لوگ پل صراط پر ہونگے باب ۲۴

الصور للبعث ثم یقول اللہ تعالی یا اسرافیل قم وانفخ الصور

بعث کے لیے صور پھونکنے کے بیان مین پھر فرمائیگا خدائے تعالی اے اسرافیل اٹھ اور صور پھونک

نفخة البعث فینفخ فینادی ایتها الارواح الخارجة والعظام

لوگون کے اٹھنے اور زندہ ہونے کے لیے پس پھونکیگا سو آواز دے گا اے باہر نکلی ہوئی روحون اور اے کھوکری ہڈیون

النخرۃ والاجساد البالیۃ والعروق المنقطعۃ والجلود المتفرقۃ

اور اسے بوسیدہ ہوتو اور اسے بریدہ رگو اور اسے پراگندہ چمڑو

والشعور الساقطۃ توموا للفصل والقضاء فیقومون بامر اللہ

اور اسے گرے ہوئے بالو تم اٹھو فیصلے اور حکم کے لیے پس اٹھینگے حکم سے خدائے تعالیٰ کے

تعالیٰ فاذا قاموا ینظرون الی السماء وقد زالت والی الارض

پس جب کھڑے ہونگے تو دیکھینگے آسمان کو کہ متغیر ہوا اور دیکھیں گے زمین کو

قد بدلت والی الجبال قد سیرت والی العشار قد عطلت و

بدل دی گئی اور دیکھینگے پہاڑوں کو کہ چلائے گئے اور دیکھیں گے حمل والی اونٹنیوں کو کہ چھوڑ دی گئیں اور

الی الوحوش قد حشرت والی البحار قد سجرت والی النفوس قد

دیکھیں گے جنگلی جانوروں کو کہ جمع کیے گئے اور دیکھیں گے دریاؤں کو کہ جھونکے گئے اور دیکھینگے روحوں کو کہ

زوجت والی الزبانیۃ قد احضرت والی الشمس قد کورت و

ملیں اپنے بدنوں سے اور دیکھیں گے عذاب کے فرشتوں کو کہ حاضر کیے گئے اور دیکھیں گے آفتاب کو کہ نور اسکا دور کیا گیا

الی الموازین قد نصبت والی الجنۃ قد ازلفت علمت نفس

اور دیکھیں گے ترازوؤں کو کہ کھڑی کی گئیں اور دیکھیں گے جنت کو کہ نزدیک کی گئی جانے گا ہر شخص

ما احضرت بدلیل قولہ تعالیٰ قالوا یا ویلنا من بعثنا من

جو لیکر آیا دلیل سے قول خدائے تعالیٰ کے کہیں گے ای ہلاکی ہو ہماری کسنے ہکو اٹھایا

مرقدنا فیجیبہم المومنون ھذا ما وعد الرحمن وصدق

ہماری خوابگاہ سے پس انکو جواب دینگے مومن کہ یہ وہ چیز ہے جسکا وعدہ کیا خدا اسنے اور سچ کہا

المرسلون فیخرجون من القبور حافیا وعریانا وسئل عن النبی

پیغمبروں نے پس نکلیں گے قبروں سے ننگے پیر اور ننگے بدن اور سوال کیا نبی

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عن معنی قولہ تعالیٰ یوم ینفخ فی

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کسی نے معنی اس آیت کے جس دن کہ پھونکا جاوے گا

الصور فتاتون افواجا فبکی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ

صور پس تم آؤ گے گروہ گروہ پس روئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ

وسلم حتی بل الثیاب عن دموع عینیہ ثم قال ایھا السائل

وسلم یہانتک کہ تر ہوئے آپکے کپڑے دونوں آنکھوں کے آنسوؤں سے پھر فرمایا ای سائل

سالتنی عن امر عظیم انہ یحشرون یوم القیمۃ اقوام من امتی

تو نے مجھ سے ایک بڑے امر کا سوال کیا حشر ہوگا دن قیامت کے میری امت کی قوموں کا

علی اثنی عشر صنفا الاول یحشرون یوم القیمۃ علی صورۃ القردۃ

بارہ قسموں پر پہلے وہ ہیں کہ جنکا حشر ہوگا قیامت کے دن بندروں کی صورت پر

وَهُمُ الْفَتَّانُونَ فِي النَّاسِ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى وَالْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ

اور یہ وہ لوگ ہیں جو فساد کرتے ہیں آدمیوں میں چنانچہ فرمایا خدائے تعالیٰ نے کہ فساد کرنا قتل سے بدتر ہے

وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ الْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ الزِّنَا

اور فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ فساد کرنا زنا سے بدتر ہے

وَالثَّانِيْ يُحْشَرُوْنَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى صُوْرَةِ الْخِنْزِيْرِ وَهُمُ الْاٰكِلُوْنَ

اور دوسرے وہ ہیں کہ جنکا حشر ہوگا دن قیامت کے خنزیر کی صورت پر اور یہ لوگ حرام کھانیوالے ہیں

لِلسُّحْتِ وَالثَّالِثُ يُحْشَرُوْنَ عُمْيًا يَتَرَدَّدُوْنَ وَيَتَعَلَّقُوْنَ بِالنَّاسِ

اور تیسرے وہ ہیں کہ جو حشر کیے جاوینگے اندھے کرکے پھرینگے حیران اور پکڑینگے لوگوں کو

وَهُمُ الَّذِيْنَ يَتَجَاوَزُوْنَ فِي الْحُكْمِ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى وَاِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ

اور یہ وہ لوگ ہیں جو حکم کرنے میں حد سے تجاوز کرتے ہیں چنانچہ فرمایا خدائے تعالیٰ نے اور جب حکم کرو درمیان

النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِهٖ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ

آدمیوں کے تو حکم کرو انصاف سے بیشک اللہ اچھی نصیحت کرتا ہے تمکو البتہ ہے اللہ

سَمِيْعًا بَصِيْرًا وَالرَّابِعُ يُحْشَرُوْنَ صُمًّا وَبُكْمًا وَهُمُ الْمُعْجَبُوْنَ بِاَعْمَالِهِمْ

سننے اور دیکھنے والا اور چوتھے وہ ہیں جو حشر کیے جاوینگے بہرے گونگے کرکے اور یہ لوگ ہیں جو غرور کرتے ہیں اپنے عملوں پر

كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرًا وَالْخَامِسُ

چنانچہ فرمایا خدائے تعالیٰ نے کہ اللہ نہیں دوست رکھتا ہے اُس شخص کو کہ ہو مغرور اور فخر کرنے والا اور پانچویں وہ ہیں کہ

يُحْشَرُوْنَ يَسِيْلُ وَيَجْرِيْ مِنْ اَفْوَاهِهِمُ الْقَيْحُ وَيَمْضَغُوْنَ اَلْسِنَتَهُمْ

جنکا حشر ہوگا اس حالت پر کہ بہتی اور نکلتی ہوگی پیپ اُنکے منہ سے اور چباتے ہونگے اپنی زبانیں

بِاَفْوَاهِهِمْ وَهُمُ الْعُلَمَاءُ الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ بِاَقْوَالِهِمْ اَعْمَالَهُمْ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى

اپنے دانتوں سے اور یہ لوگ وہ عالم ہیں کہ جنکے عمل اُنکے قول کے برخلاف ہیں چنانچہ فرمایا خدائے تعالیٰ نے

اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ

کیا تم حکم کرتے ہو لوگوں کو نیکی کا اور اپنے نفسوں کو بھولتے ہو اور تم پڑھتے ہو کتاب پس کیا تم عقل نہیں رکھتے ہو

وَالسَّادِسُ يُحْشَرُوْنَ عَلٰى اَجْسَادِهِمْ قُرُوْحٌ مِنَ النَّارِ وَهُمُ الشَّاهِدُوْنَ

اور چھٹے وہ ہیں کہ جنکا حشر ہوگا اور اُنکے بدنوں پر زخم ہونگے آگ کے اور یہ جھوٹی گواہی

بِالزُّوْرِ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ بِاَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِكُمْ

دینے والے ہیں چنانچہ فرمایا خدائے تعالیٰ نے جبکہ لینے لگے تم اُسکو اپنی زبانوں پر اور بولنے لگے اپنے منہ سے

مَا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ وَتَحْسَبُوْنَهٗ هَيِّنًا وَهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمٌ وَلَوْلَا

جس چیز کی تمکو خبر نہیں اور تم سمجھتے ہو اُسکو آسان بات اور یہ اللہ کے نزدیک بہت بڑی ہے اور کیوں نہ

اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ مَا يَكُوْنُ لَنَا اَنْ نَتَكَلَّمَ بِهٰذَا سُبْحٰنَكَ هٰذَا

جب تمنے اُسکو سنا کہا ہوتا کہ ہمکو نہیں لائق ہے کہ زبان پر لائیں یہ بات اے اللہ تو پاک ہے اور یہ

بهتان عظيم والسابع يحشرون وان اقدامهم على جباههم معقودة

بڑا بہتان ہے اور ساتویں وہ ہیں کہ جنکا حشر ہوگا اور انکے قدم انکی پیشانیوں پر بندھے ہونگے

بنواصيهم وهم اشد نتنا من الجيفة وهم الذين يتبعون الشهوات

اپنے کے بالون سے اور زیادہ ہونگے بدبو مین مردار سے اور یہ وہ لوگ ہین جو پیروی کرتے ہین نفس کی خواہشون

واللذات كقوله تعالى اولئك الذين اشتروا الحيوة الدنيا بالاخرة

اور لذتون کی چنانچہ فرمایا خداے تعالی نے وہی ہین جنھون نے آخرت کے بدلے خریدی زندگی دنیا مین

والثامن يحشرون كالسكارى يسقطون ويقعون يمينا وشمالا

اور آٹھوین وہ ہین کہ جنکا حشر ہوگا متوالون کے مانند گرتے اور پڑتے داہنے اور بائین

وهم الذين يمنعون حق الله تعالى كقوله تعالى يا ايها الذين

اور یہ وہ لوگ ہین جو منع کرتے ہین خداے تعالی کے حقون کو جیسا کہ فرمایا خداے تعالی نے اے ایمان والو

امنوا انفقوا من طيبت ما كسبتم ومما اخرجنا لكم من الارض

خرچ کرو پاک چیزین جو کتنے کمائین اور جو ہمنے نکالین تمھارے لیے زمین سے

والتاسع يحشرون وعليهم سرابيل من قطران وهم الذين

اور نوین وہ ہین کہ جنکا حشر ہوگا اور ان پر کرتے ہین گندھک کے اور یہ وہ لوگ ہین جو

يغتابون ويتجسسون ويمشون بالنميمة والغيبة كقوله تعالى

غیبت کرتے ہین اور لوگون کے بھید دریافت کرتے ہین اور چلتے ہین چغلی اور غیبت کرتے جیسا کہ فرمایا خداے تعالی نے

ولا تجسسوا ولا يغتب بعضكم بعضا ايحب احدكم ان ياكل

اور بھید دریافت نکرو لوگون کی اور پیٹھ پیچھے برا کہو ایک دوسرے کو کیا کوئی تمھین اچھا جانتا ہے کہ کھاوے

لحم اخيه ميتا فكرهتموه والعاشر يحشرون والسنتهم خارجة

گوشت اپنے بھائی کا جو مردہ ہو سو تمنے مکروہ جانا اسکو اور دسوین وہ ہین کہ جنکا حشر ہوگا اور انکی زبانین نکلی ہونگی

من قفاهم وهم الذين كانوا اصحب النميمة والحادي عشر

انکی گدیون سے اور یہ لوگ چغلی خور ہین اور گیارھوین وہ ہین کہ

يحشرون سكارى وهم الذين كانوا يتكلمون في المساجد بحديث

جنکا حشر ہوگا متوالون کی طرح اور یہ وہ لوگ ہین جو مسجدون مین دنیا کی باتین کرتے ہین

الدنيا كقوله تعالى وان المساجد لله فلا تدعوا مع الله احدا و

جیسا کہ فرمایا خداے تعالی نے کہ مسجدین اللہ کے لیے ہین سو تم نہ پکارو اللہ کے ساتھ کسیکو اور

الثاني عشر يحشرون على صورة الخنازير وهم الذين ياكلون

بارھوین وہ ہین کہ جنکا حشر ہوگا خنزیرون کی صورت پر اور یہ لوگ سود خوار ہین

الربوا كقوله تعالى لا تاكلوا الربوا اضعافا مضعفة وفي الخبر

جیسا کہ فرمایا خداے تعالی نے نہ کھاو سود دونے پر دونا اور حدیث مین

عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ إِذَا

معاذ بن جبل سے روایت ہے اُنھون نے نبی صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم سے روایت کی کہ

كَانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ وَيَوْمُ الْحَسْرَةِ وَالنَّدَامَةِ يُحْشَرُ اللّٰهُ تَعَالٰى

ہوگا دن قیامت کا اور دن حسرت کا اور دن پشیمانی کا تو اُٹھائیگا خدا ے تعالیٰ

مِنْ أُمَّتِيْ عَنْ قُبُوْرِهِمْ إِثْنَا عَشَرَ فَوْجًا أَمَّا الْفَوْجُ الْأَوَّلُ فَيُحْشَرُوْنَ

میری امت کی قبرون سے بارہ گروہ لیکن پہلا گروہ سو اُٹھایا جاوے گا

عَنْ قُبُوْرِهِمْ وَلَيْسَ لَهُمُ الْيَدَانِ وَالرِّجْلَانِ فَيُنَادِيْ مُنَادٍ مِّنْ

اپنی قبرون سے اور نہین ہونگے اُنکے دونون ہاتھ اور نہ دونون پیر پس آواز دیگا ایک منادی

قِبَلِ الرَّحْمٰنِ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ الْجِيْرَانَ ثُمَّ مَاتُوْا وَلَمْ يَتُوْبُوْا

خدا کی جانب سے کہ یہی لوگ ایذا پہونچاتے تھے اپنے ہمسایون کو پھر مرے اور نہین توبہ کی

فَهٰذَا جَزَاؤُهُمْ وَمَصِيْرُهُمْ إِلَى النَّارِ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى وَالْجَارِ ذِي

سو یہ اُنکی جزا ہی اور پھر اُنکو جانا ہو دوزخ میں جیسا کہ فرمایا خداے تعالیٰ نے اور نیکی کرو ہمسایہ

الْقُرْبٰى وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَأَمَّا الْفَوْجُ الثَّانِيْ فَيُحْشَرُوْنَ مِنْ قُبُوْرِهِمْ

قریب اور ہمسایہ اجنبی سے اور لیکن دوسرا گروہ سو اُٹھایا جاوے گا اپنی قبرون سے

عَلٰى صُوْرَةِ الْقِرَدَةِ وَيُقَالُ عَلٰى صُوْرَةِ الْخَنَازِيْرِ فَيُنَادِيْ مُنَادٍ

چوپاے کی صورت پر اور کہا جاتا ہو کہ خنزیر کی صورت پر پس آواز دیگا ایک منادی

مِنْ قِبَلِ الرَّحْمٰنِ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ يَتَهَاوَنُوْنَ عَلَى الصَّلٰوةِ ثُمَّ

خدا کی جانب سے کہ یہی لوگ ہین سستی کرتے تھے نماز مین پھر

مَاتُوْا وَلَمْ يَتُوْبُوْا فَهٰذَا جَزَاؤُهُمْ وَمَصِيْرُهُمْ إِلَى النَّارِ

مرے اور نہین توبہ کی پس یہ اُنکی جزا ہے اور پھر جانا ہے اُنکو دوزخ مین

كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ

جیسا کہ فرمایا خداے تعالیٰ نے پھر خرابی اُن نمازیون کی جو اپنی نماز سے بیخبر ہین

وَأَمَّا الْفَوْجُ الثَّالِثُ فَيُحْشَرُوْنَ مِنْ قُبُوْرِهِمْ وَبُطُوْنُهُمْ مِثْلُ

اور لیکن تیسرا گروہ سو اُٹھایا جاویگا اپنی قبرون سے اور اُنکے پیٹ ہونگے پہاڑون کے مانند

الْجِبَالِ مَمْلُوَّةٌ مِّنَ الْحَيَّاتِ وَالْعَقَارِبِ كَمِثْلِ الْبِغَالِ فَيُنَادِيْ

بھرے ہونگے سانپ اور بچھو سے جو خچرون کے مانند ہین پس آواز دے گا

مُنَادٍ مِّنْ قِبَلِ الرَّحْمٰنِ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ مَنَعُوا الزَّكٰوةَ ثُمَّ مَاتُوْا

ایک منادی خدا کی جانب سے کہ اِنھین لوگون نے زکوٰۃ کو منع کیا پھر مرے

وَلَمْ يَتُوْبُوْا فَهٰذَا جَزَاؤُهُمْ وَمَصِيْرُهُمْ إِلَى النَّارِ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى

اور نہین توبہ کی سو یہ اُنکی جزا ہی اور پھر اُنکو جانا ہے دوزخ مین اسواسطے کہ فرمایا خداے تعالیٰ نے

[illegible] الذھب و[illegible] ولا ینفقونھا فی سبیل اللہ

اور جو لوگ جمع کرتے ہیں سونا [illegible] چاندی اور خرچ نہیں کرتے ہین اللہ کی راہ مین

فبشرھم بعذاب الیم فیجعل اللہ تعالیٰ بکل دانق منھا لوحا من

سو انکو خوشخبری سنا عذاب دردناک کی پھر بنا دیگا خدا تعالیٰ اسکی چاندی اور سونے کی ہر دانگ سے ایک تختی

النار فتکوی بھا جباھھم وجنوبھم وظھورھم ھذا ما کنزتم

آگ کی پھر اس تختی سے داغ دیے جاوینگے انکے ماتھے اور پہلو اور پیٹ یہ ہے جو تھا جمع کیا تھا

لانفسکم فذوقوا ما کنتم تکنزون واما الفوج الرابع فیحشرون

اپنے واسطے سو چکھو مزا اپنے مال جمع کرنے کا اور لیکن چوتھا گروہ پس اٹھایا جاویگا

من قبورھم ویجری من افواھھم دما وامعاؤھم

اپنی قبرون سے اور جاری ہونگے خون انکے منھ سے اور انکی آنتین

ساقطة والنار یخرج من افواھھم فینادی منادٍ من قبل الرحمٰن

نکل پڑی ہونگی اور آگ انکے منھ سے نکلتی ہوگی پس آواز دیگا ایک منادی خدا کی طرف سے

ھؤلاء الذین کذبوا فی البیع والشراء ثم ماتوا ولم یتوبوا

کہ انھین لوگون نے جھوٹ بولا خرید اور فروخت مین پھر مرے اور نہین توبہ کی

فھذا جزاؤھم ومصیرھم الی النار لقولہ تعالیٰ ان الذین

سو یہ انکی جزا ہے اور انکو پھر جانا ہے دوزخ مین اسواسطے کہ فرمایا خدای تعالیٰ نے جو لوگ خرید کرتے ہین

یشترون بعھد اللہ وایمانھم ثمنا قلیلا الآ واما الفوج الخامس فیحشرون

اللہ کے عہد اور اپنی قسمون کے بدلے تھوڑی قیمت انکو کچھ حصہ آخرت مین نہین ہے اور لیکن پانچوان گروہ پس اٹھایا جاویگا

من قبورھم وریحھم انتن من الجیفة فینادی منادٍ من قبل

اپنی قبرون سے اور انکی بو مردار سے بدتر بو ہوگی پس آواز دیگا ایک منادی

الرحمٰن ھؤلاء الذین کتموا المعاصی سترا من الناس

خدا کی طرف سے کہ انھین لوگون نے چھپائے گناہ آدمیون سے پردہ مین

ولم یخافوا اللہ ثم ماتوا ولم یتوبوا فھذا جزاؤھم ومصیرھم

اور نہین ڈرے خدا سے پھر مرے اور نہین توبہ کی پس یہ انکی جزا ہے اور انکو پھر جانا ہے

الی النار لقولہ تعالیٰ یستخفون من الناس ولا یستخفون من

دوزخ مین اس واسطے کہ فرمایا خدا تعالیٰ نے چھپتے تھے لوگون سے اور نہین چھپتے تھے

اللہ وھو معھم واما الفوج السادس فیحشرون من قبورھم

خدا سے اور وہ انکے ہمراہ ہے اور لیکن چھٹا گروہ پس اٹھایا جاویگا اپنی قبرون سے

مقطوعة الحلاقیم من الاقفیة فینادی منادٍ من قبل الرحمٰن

کہ انکے حلق کٹے ہونگے گدیون کی طرف سے پس آواز دیگا ایک منادی خدا کی طرف سے

هؤلاء الذين يشهدون الزور وكذبوا وماتوا ولم يتوبوا فهذا

کہ یہی لوگ ہیں کہ جھوٹی گواہی دیتے تھے اور جھوٹ بولتے تھے اور مرگئے اور نہیں توبہ کی سو یہ

جزاؤهم ومصيرهم الى النار لقوله تعالى واجتنبوا قول الزور

انکی جزا ہے اور انکو پھر جانا ہے دوزخ میں اسواسطے کہ فرمایا خداے تعالی نے اور بچو جھوٹی بات سے

حنفاء لله غير مشركين به ولقوله تعالى والذين لا يشهدون

صرف اللہ کی طرف مائل ہوکر نہ اسکے ساتھ شریک بناکر اور اسواسطے کہ فرمایا خداے تعالی نے اور جو گواہی نہیں دیتے ہیں

الزور واذا مروا باللغو مروا كراما واما الفوج السابع فيحشرون

جھوٹی اور جب گذریں کھیل پر تو گذریں بزرگوں کی طرح اور لیکن ساتواں گروہ پس اٹھایا جاویگا

من قبورهم والسنتهم ليست في افواههم يجري الدم والقيح

اپنی قبروں سے اور ہونگی زبانیں انکے منھ میں بہتا ہوگا خون اور پیپ

من افواههم فينادي مناد من قبل الرحمن هؤلاء الذين يكتمون

انکے منھ سے پس آواز دیگا ایک منادی خدا کی طرف سے کہ یہی لوگ ہیں کہ چھپاتے تھے

الشهادة ثم ماتوا ولم يتوبوا فهذا جزاؤهم ومصيرهم الى النار

گواہی پھر مرے اور نہیں توبہ کی سو یہ انکی جزا ہے اور انکو پھر جانا ہے دوزخ میں

لقوله تعالى ولا تكتموا الشهادة ومن يكتمها فانه آثم قلبه والله

اسواسطے کہ فرمایا خداے تعالی نے اور نہ چھپاؤ گواہی کو اور جو کوئی اسکو چھپاویگا تو گنہگار ہے دل اسکا اور اللہ

بما تعملون عليم واما الفوج الثامن فيحشرون من قبورهم

تمہارے کاموں سے واقف ہے اور لیکن آٹھواں گروہ پس اٹھایا جاویگا اپنی قبروں سے

ناكسوا رؤسهم وارجلهم فوق رؤسهم وتجري من فروجهم

کہ سرنگوں ہونگے اور پیر انکے سروں پر ہونگے اور بہتی ہونگی انکی شرمگاہوں سے

انهار من القيح والصديد فينادي مناد من قبل الرحمن هؤلاء

نہریں پیپ اور زرد پانی کی پس آواز دیگا ایک منادی خدا کی طرف سے کہ یہی لوگ

الذين يزنون ثم ماتوا ولم يتوبوا فهذا جزاؤهم ومصيرهم

زنا کرتے تھے پھر مرے اور نہیں توبہ کی سو یہ انکی جزا ہے اور پھر انکو جانا ہے

الى النار لقوله تعالى ولا تقربوا الزنى انه كان فاحشة

دوزخ میں اسواسطے کہ فرمایا خداے تعالی نے اور پاس نجاؤ زنا کے کہ وہ ہے بے حیائی

وساء سبيلا واما الفوج التاسع يحشرون من قبورهم مسودة

اور بری راہ اور لیکن نواں گروہ سو اٹھایا جاویگا اپنی قبروں سے سیاہ ہونگے

الوجوه وزرقة العيون وبطونهم مملوة من النار فينادي مناد

انکے چہرے اور نیلی ہونگی انکی آنکھیں اور بھرے ہونگے انکے پیٹ آگ سے پس آواز دیگا ایک منادی

مِنْ قِبَلِ الرَّحْمٰنِ هٰؤُلَاءِ الَّذِیْنَ اَکَلُوْا اَمْوَالَ الْیَتٰمٰی ظُلْمًا ثُمَّ مَاتُوْا وَ

خدا کی جانب سے کہ انھیں لوگوں نے کھائے مال یتیموں کے ناحق پھر مرے اور

لَمْ یَتُوْبُوْا فَهٰذَا جَزَاؤُهُمْ وَمَصِیْرُهُمْ اِلَی النَّارِ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰی اِنَّ

نہیں توبہ کی سو یہ اُنکی جزا ہے اور پھر اُنکا جاتا ہے دوزخ میں اسواسطے کہ فرمایا خدای تعالی نے

الَّذِیْنَ یَاْکُلُوْنَ اَمْوَالَ الْیَتٰمٰی ظُلْمًا اِنَّمَا یَاْکُلُوْنَ فِیْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا

کہ جو لوگ کھاتے ہیں مال یتیموں کا ناحق وہ کھاتے ہیں اپنے پیٹ میں آگ ہی کو

وَسَیَصْلَوْنَ سَعِیْرًا ۝ وَاَمَّا الْفَوْجُ الْعَاشِرُ فَیُحْشَرُوْنَ مِنْ قُبُوْرِهِمْ

اور عنقریب داخل ہونگے دوزخ میں اور لیکن دسوان گروہ پس اُٹھایا جاویگا اپنی قبروں سے

عُمْیًا وَّصُمًّا وَّبُرْصًا فَیُنَادِیْ مُنَادٍ مِّنْ قِبَلِ الرَّحْمٰنِ هٰؤُلَاءِ الَّذِیْنَ

کوڑھی اور ابرص ہو کر پس آواز دیگا ایک منادی خدا کی طرف سے کہ انھیں لوگوں نے

عَاقُّوا الْوَالِدَیْنِ ثُمَّ مَاتُوْا وَلَمْ یَتُوْبُوْا فَهٰذَا جَزَاؤُهُمْ وَمَصِیْرُهُمْ

نافرمانی کی ماں باپ کی پھر مرے اور نہیں توبہ کی سو یہ اُنکی جزا ہے اور پھرنا اُنکو جانا ہے

اِلَی النَّارِ کَقَوْلِهٖ تَعَالٰی وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِکُوْا بِهٖ شَیْئًا وَّبِالْوَالِدَیْنِ

دوزخ میں جیسا کہ فرمایا خدای تعالی نے اور بندگی کرو اللہ کی اور شریک نکرو اُسکے ساتھ کسیکو اور کرو ماں باپ سے

اِحْسَانًا ۝ وَاَمَّا الْفَوْجُ الْحَادِیْ عَشَرَ فَیُحْشَرُوْنَ مِنْ قُبُوْرِهِمْ

نیکی اور لیکن گیارھوان گروہ پس اُٹھایا جاویگا اپنی قبروں سے

عُمْیَانَ الْقُلُوْبِ وَالْاَعْیُنِ وَاَسْنَانُهُمْ کَقُرُوْنِ الثَّوْرِ وَاَشْفَاهُهُمْ

کہ اندھے ہونگے اُنکے دل اور آنکھیں اور اُنکے دانت بیل کے سینگوں کے مانند ہونگے اور اُنکے ہونٹ

مَطْرُوْحَةٌ عَلٰی صُدُوْرِهِمْ وَاَلْسِنَتُهُمْ وَاقِعَةٌ عَلٰی بُطُوْنِهِمْ

اُنکے سینے پر پڑے ہونگے اور زبانیں پیٹ اور ران پر پڑی ہونگی

وَاَفْخَاذُهُمْ وَتَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهِمُ الْقَذَرُ فَیُنَادِیْ مُنَادٍ مِّنْ

اور نکلتی ہوگی اُنکے پیٹ سے پلیدی پس آواز دیگا ایک منادی

قِبَلِ الرَّحْمٰنِ هٰؤُلَاءِ الَّذِیْنَ شَرِبُوا الْخَمْرَ ثُمَّ مَاتُوْا وَلَمْ یَتُوْبُوْا

خدا کی طرف سے کہ انھیں لوگوں نے پی شراب پھر مرے اور نہیں توبہ کی

فَهٰذَا جَزَاؤُهُمْ وَمَصِیْرُهُمْ اِلَی النَّارِ کَقَوْلِهٖ تَعَالٰی یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ

پس یہ اُنکی جزا ہے اور اُنکو پھر جانا ہو دوزخ میں جیسا کہ فرمایا خدای تعالی نے ای ایمان والو

اٰمَنُوْا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَیْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ

البتہ شراب اور جوا اور بت اور پانسے پلید کام ہیں

مِّنْ عَمَلِ الشَّیْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

شیطان کے سو ان سے بچو شاید کہ تم کامیاب ہو

وَاَمَّا الْفَوْجُ الثَّانِیْ عَشَرَ فَیُحْشَرُوْنَ عَنْ قُبُوْرِھِمْ وُجُوْھُھُمْ مِثْلُ

اور لیکن بارھواں گروہ پس اٹھایا جاویگا اپنی قبروں سے انکے چہرے

الْقَمَرِ لَیْلَةَ الْبَدْرِ یَمُرُّوْنَ عَلَی الصِّرَاطِ کَالْبَرْقِ الْخَاطِفِ

چودھویں رات کے چاند کے طرح روشن ہونگے پھر گزرینگے پل صراط سے بجلی آنکھ اچکنی کی طرح

فَیُنَادِیْ مُنَادٍ مِّنْ قِبَلِ الرَّحْمٰنِ ھٰؤُلَآءِ الَّذِیْنَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ

پس آواز دیگا ایک منادی خدا کی طرف سے کہ انھیں لوگوں نے عمل کیے نیک اور

حَافَظُوْا عَلَی الصَّلٰوةِ الْخَمْسِ فِیْ اَوَّلِ الْوَقْتِ مَعَ الْجَمَاعَةِ وَنَھَوْا عَنِ

ہمیشہ پڑھیں پنجگانہ نمازیں اول وقت میں جماعت سے اور منع کیا لوگوں کو

الْمَعَاصِیْ ثُمَّ مَاتُوْا عَلَی التَّوْبَةِ فَھٰذَا جَزَآؤُھُمْ وَمَصِیْرُھُمْ

گناہوں سے پھر مرے توبہ کرکے سو یہ انکی جزا ہے اور پھرنا انکو جاتا ہے

اِلَی الْجَنَّةِ بِالْمَغْفِرَةِ وَالرَّحْمَةِ وَالرِّضْوَانِ فَاِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی رَاضٍ

جنت میں خدا کی بخشش سے اور رحمت اور رضامندی سے سو خدا تعالیٰ انسے راضی ہے

عَنْھُمْ وَاِنَّھُمْ رَاضُوْنَ عَنِ اللّٰہِ تَعَالٰی کَقَوْلِهٖ تَعَالٰی اَنْ لَّا تَخَافُوْا

اور وہ خدا تعالیٰ سے راضی ہیں جیساکہ فرمایا خدا تعالیٰ نے نہ تم ڈرو

وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِیْ کُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ وَکَقَوْلِهٖ تَعَالٰی

اور نہ غمگین ہو اور خوشی سنو اس جنت کی جسکا تمکو وعدہ تھا اور جیساکہ فرمایا خدا تعالیٰ نے

رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِیَ رَبَّهٗ بَابُ ۲۵ فِیْ

اللہ انسے راضی ہے اور وہ اللہ سے راضی ہیں یہ ملتا ہے اسکو جو اپنے رب سے ڈرے باب ۲۵

ذِکْرِ نَشْرِ الْخَلَائِقِ مِنْ قُبُوْرِھِمْ قَالَ اِنَّ الْخَلَائِقَ اِذَا نُشِرُوْا

مخلوق کے قبر سے اٹھنے کے بیان میں کہا جاتا ہے کہ مخلوق جب اٹھیگی

مِنْ قُبُوْرِھِمْ یَقِفُوْنَ وُقُوْفًا فِی الْمَوْضِعِ الَّذِیْ نُشِرُوْا مِنْهُ مَا

اپنی قبر سے توکھڑی ہوگی اس مقام میں کہ جس سے اٹھی

اَرْبَعِیْنَ سَنَةً لَا یَاْکُلُوْنَ وَلَا یَشْرَبُوْنَ وَلَا یَجْلِسُوْنَ وَلَا یَتَکَلَّمُوْنَ

چالیس سال نہ کھائیگی اور نہ پیے گی اور نہ بیٹھیگی اور نہ کلام کریگی

قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ بِمَ یَعْرِفُ اَھْلُ الدِّیْنِ مِنْ اُمَّتِكَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ

کہا گیا اے رسول خدا کس چیز سے پہچانے جاینگے آپ کی امت کے دیندار دن قیامت کے

